آزاد جموں و کشمیر یونیورسٹی، مظفر آباد

(نظامت مالیات و منصوبہ بندی)

فون نمبر 05822-960417 فیکس نمبر۔ 05822-960432

ٹینڈر نوٹس

آزاد جموں و کشمیر یونیورسٹی کو کینٹین / کیفے ٹیریا واقع سٹی کیمپس و چہلہ کیمپس چلانے کیلئے مالی طور پر مستحکم / اچھی شہرت کی حامل فرم ہاء جن کا ہوٹلنگ / کیفے ٹیریا سروسز میں کم از کم پانچ سال کا تجربہ ہو اور جو آزاد جموں و کشمیر سنٹرل بورڈ آف ریونیو سے رجسٹرڈ اور فائلر ہوں سے سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ ٹینڈر کی کشادگی آزاد جموں و کشمیر PPRA قواعد 36(b) کے تحت single stage two envelope procedure کے تحت عمل میں لائی جائیگی۔ کوٹیشن دہندگان کو technical proposal اور financial proposal الگ الگ لفافہ جات میں جمع کروانا ہونگے۔ ابتدائی طور پر صرف technical proposal کی کشادگی عمل میں لائی جائیگی اور Technical evaluation مکمل ہونے کے بعد کوالیفائی کرنے والی فرم ہاء کی financial bid کشادہ کی جائینگی جبکہ مسترد ہونے والی فرم ہاء کی financial bid بغیر کھولے واپس کر دی جائینگی۔

ٹینڈر جمع کروانے کی آخری تاریخ مورخہ: 17-01-2022 بوقت 10 بجے صبح ہے۔ technical proposal کی کشادگی اسی روز بوقت 11 بجے صبح دفتر جناب ناظم مالیات و منصوبہ بندی، چہلہ کیمپس مظفر آباد عمل میں لائی جائیگی۔ فنانشل bid کے ہمراہ کال ڈیپازٹ (قابل واپسی) کل رقم کا 2% (3000 طلباء کے حساب سے) بنام جناب ناظم مالیات و منصوبہ بندی لف کرنا ضروری ہے۔ جملہ شرائط و ضوابط ٹینڈر فارم میں درج ہیں۔ ٹینڈر فارم بعوض مبلغ 500/- روپے (نا قابل واپسی) بشکل بنک ڈرافٹ / بنک چالان دفتری اوقات کار کے اندر دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فنانس (پرچیز) کنگ عبداللہ کیمپس، چھتر کلاس سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

بلیک لسٹڈ فرم ہاء ٹینڈر میں حصہ لینے کی اہل نہ ہونگی۔ اس ضمن میں جملہ فرم ہاء کو ٹیکنیکل bid کے ہمراہ بیان حلفی جمع کروانا ہوگا کہ وہ پاکستان / آزاد کشمیر کے کسی سرکاری / نیم سرکاری ادارہ سے بلیک لسٹ نہ ہیں اور نہ ہی انکے خلاف عدالت میں کسی قسم کی کوئی کارروائی زیر کار ہے۔ پرچیز کمیٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ آزاد جموں و کشمیر PPRA قواعد 33 کے تحت کوٹیشنز مسترد کر دے۔ نقشہ موازنہ / حتمی رپورٹ آزاد جموں و کشمیر PPRA کی ویب سائٹ پر تحت ضابطہ مشتہر کی جائیگی۔ ٹینڈر نوٹس / ٹینڈر ڈاکومنٹ AJK PPRA ویب سائٹ www.ajkppra.gov.pk اور آزاد جموں و کشمیر یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.ajku.edu.pk پر بھی دستیاب ہے۔

نائب ناظم مالیات /
سیکرٹری پرچیز کمیٹی

نوٹ: ٹیکنیکل **Bid** کا لفافہ بذیل ڈاکومنٹس پر مشتمل ہونا چاہیے

۱۔ انکم ٹیکس رجسٹریشن ہمراہ فائلر ثبوت۔

۲۔ بنک سٹیٹمنٹ۔

۳۔ متعلقہ فیلڈ کا تجربہ ہمراہ ثبوت۔

۴۔ ملازمین کی تفصیل۔

۵۔ بیان حلفی کہ فرم بلیک لسٹڈ نہ ہے۔

نوٹ: فنانشل **Bid** کا لفافہ بذیل ڈاکومنٹس پر مشتمل ہونا چاہیے

۱۔ انراخ۔

۲۔ کال ڈیپازٹ۔

ٹینڈر فارم

شرائط و ضوابط

۱۔ مالی طور پر مستحکم/ اچھی شہرت کی حامل فرم ہاء جن کا ہوٹلنگ / کیفے ٹیریا سروسز میں کم از کم 05 سال کا تجربہ ہو اور کم از کم 2000 افراد کو ایک وقت میں سروس فراہم کرنے کا تجربہ رکھتی ہوں، ٹینڈر میں حصہ لینے کی اہل ہونگی۔ اس ضمن میں دستاویزی ثبوت فراہم کرنا ہوگا۔ فرم کا آزاد جموں وکشمیر ان لینڈ ریونیو ڈیپارٹمنٹ سے رجسٹرڈ اور فائلر ہونا بھی ضروری ہے۔ اس ضمن میں فرم کے نام پر فائلر / ایکٹو ہونے کا ثبوت فراہم کرنا ہوگا۔ بصورت دیگر کوٹیشن مسترد تصور ہوگی۔

۲۔ کنٹریکٹر بنک سٹیٹمنٹ فراہم کریگا جس میں اسکی مالی حیثیت درج ہو۔ اس ضمن میں فرم کے نام پر قائم شدہ اکاؤنٹ کی بنک سٹیٹمنٹ ہی قابل قبول ہوگی۔

۳۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ اپنے طور پر ٹھیکہ کسی دوسرے شخص/ فرم/ کنٹریکٹر کو منتقل (Sublet) کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ ایسا کرنیکی صورت میں کنٹریکٹ منسوخ ہوگا نیز ٹینڈر دہندہ کو تصدیق فراہم کرنا ہوگی کہ وہ جامعہ ہذا کا حاضر سروس ملازم نہ ہے۔

۴۔ کنٹریکٹر بجلی کے میٹر کی تنصیب از خود کروائے گا اور ماہ بماہ بجلی بلات ادائیگی کا پابند ہوگا۔ بلات ادائیگی رسید کی نقل متعلقہ ڈین/ انچارج کیمپس کو فراہم کرنا لازم ہونگی۔ کنٹریکٹر اپنے طور پر جنریٹر کا انتظام بھی رکھے گا تاکہ بوقت ضرورت/ دوران لوڈ شیڈنگ بجلی کی سہولت میسر ہو سکے۔ نیز پانی کا بل بھی کمرشل/ حکومتی شرح کے مطابق ادا کرنا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہوگا۔

۵۔ کینٹین/ کیفے ٹیریا کا کرایہ بمطابق حکومتی نوٹیفکیشن سال 2020ء بشرح فی مربع فٹ وصول کیا جائیگا جو کہ کنٹریکٹر ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ادا کرنے اور رسید متعلقہ ڈین/ انچارج کیمپس کو مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

۶۔ کنٹریکٹر کینٹین میں موجود اشیاء خورد و نوش کی منظور شدہ انراخ کی کاپی نمایاں جگہ پر چسپاں کرنے اور طلباء وطالبات کو بل کی رسید دینے کا پابند ہوگا۔

۷۔ کینٹین میں کسی بھی غیر متعلقہ شخص کو داخل ہونے یا بیٹھنے کی اجازت نہ ہوگی۔

۸۔ کنٹریکٹر اس امر کا پابند ہوگا کہ کینٹین میں طلباء وطالبات وملازمین جامعہ سے جھگڑا نہیں کریگا اور کسی قسم کی شکایت کی صورت میں معاملہ متعلقہ ڈین/ انچارج کیمپس کے نوٹس میں لائیگا، ازخود باز پرس کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

۹۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ اپنے جملہ ملازمین کا شناختی کارڈ، چال چلن اور سکونتی سٹیفکیٹ مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔ نیز کم عمر افراد کو ملازم نہیں رکھا جائیگا۔ جملہ ملازمین یونیفارم پہن کر ڈیوٹی سرانجام دینگے۔

۱۰۔ کنٹریکٹر طے شدہ ریٹ میں ازخود اضافہ کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ مدت معاہدہ کے اندر انراخ میں کسی قسم کی تبدیلی نہ کی جائیگی۔

۱۱۔ کنٹریکٹر کینٹین میں موجود سامان کی حفاظت/ سیکیورٹی کا خود ذمہ دار ہوگا۔

۱۲۔ ابتدائی معاہدہ عرصہ دو سال کیلئے ہوگا، بعد ازاں ضرورت کے پیش نظر کمیٹی سفارشات (منظور شدہ مجاز اتھارٹی) کی روشنی میں کنٹریکٹ میں ایک سال کی توسیع کی جا سکے گی۔

۱۳۔ کسی بھی قسم کے تنازعہ کی صورت میں جناب وائس چانسلر کا فیصلہ حتمی تصور ہوگا۔

۱۴۔ کینٹین میں صفائی کا خیال رکھنا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہوگی۔ وبائی امراض وماحول کے تدارک کا حکومتی ہدایات کے مطابق خیال کرنا ہوگا۔

۱۵۔ کینٹین/ کیفے ٹیریا میں فرنیچر کے علاوہ کراکری دیگر ضرورت کا الیکٹرک سامان وغیرہ ٹھیکیدار کا اپنا ہوگا اور ٹوٹ پھوٹ کا بھی خود ذمہ دار ہوگا۔

۱۶۔ کینٹین/ کیفے ٹیریا میں سگریٹ، پان، نسوار، گٹکا وغیرہ اور نشہ آور/ ممنوعہ اشیاء کی خرید فروخت/ استعمال پر مکمل پابندی ہوگی اور کسی بھی غیر قانونی/ غیر اخلاقی سرگرمی کے نتیجہ میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائیگا۔

۱۷۔ ٹھیکیدار حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق کھانا فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔ نیز کھانے پینے کی اشیاء کو ٹھنڈا اور گرم رکھنے کیلئے مناسب انتظام کرنا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہوگا۔ نیز ٹھیکہ کی مدت کے دوران جملہ maintenance وغیرہ کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہوگی۔

۱۸۔ کھانے پینے کی اشیاء کی تیاری میں اچھی کوالٹی کا گھی/ تیل از قسم ڈالڈا، پلانٹا، حبیب وغیرہ استعمال کیا جائیگا۔ کھلا گھی/ تیل وغیرہ استعمال نہیں کیا جائیگا۔

۱۹۔ ٹھیکیدار ٹھیکہ کی مدت کے اختتام پر بلڈنگ / کینٹین اور اسکے اندر نصب شدہ جملہ مشینری و ساز و سامان (اگر یونیورسٹی کا نصب شدہ ہو تو یا بصورت ضرر ثابت ہونے پر) اسی حالت میں واپس دینے کا پابند ہوگا۔

۲۰۔ معاہدہ کی پابندی نہ کرنیکی صورت میں یا کسی ہنگامی صورت میں کمیٹی کے فیصلہ کی روشنی میں کینٹین 15 دن کے نوٹس پر خالی کرنے کا پابند ہوگا۔

۲۱۔ کوٹیشن دہندگان کو اپنے سٹاف کی تعداد وغیرہ کی مکمل تفصیل اور اپنے ہوٹلز وغیرہ پر دستیاب Menues کی تفصیل بھی فراہم کرنا ہوگی۔

۲۲۔ ٹیکنیکل مرحلہ میں پرچیز کمیٹی فرم کا سیٹ اپ وزٹ بھی کریگی۔ سیٹ اپ نہ ہونیکی صورت میں کوٹیشن مسترد تصور ہوگی۔

۲۳۔ کینٹین / کیفے ٹیریا میں طلباء و طالبات اور فیکلٹی / سٹاف کیلئے الگ الگ سرونگ کاؤنٹر اور بیٹھنے کیلئے الگ الگ جگہ / ہال مختص کیا جانا ہوگا۔

۲۴۔ کینٹین میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے مناسب تعداد میں واٹر کولر ہمراہ فلٹر کی تنصیب کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہوگی۔

۲۵۔ سٹی کیمپس کیلئے کم و بیش 2000 اور چہلہ کیمپس میں بھی 2000 طلباء و طالبات کیلئے کھانے پینے کا بندوبست ہونا چاہیے۔

۲۶۔ یونیورسٹی کی جانب سے منظور شدہ مینو کے علاوہ اشیاء کی فروخت نہ کی جائیگی۔ یونیورسٹی کی قائم کوالٹی کمیٹی معیار اور شرائط کی پابندی چیک کرنیکی مجاز ہوگی۔

۲۷۔ کنٹریکٹر بچا کھچا کھانا کینٹین سے دور یونیورسٹی / بلدیہ کی جانب سے مقرر کردہ filth depot تک پہنچانے اور تلف کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔ نیز ایسا مواد سیوریج پائپس میں نہیں پھینکا جائیگا اور نہ ہی کھلا رکھا جائیگا۔

۲۸۔ بوقت تحریری معاہدہ کامیاب کوٹیشن دہندہ کو -/800,000 روپے (سٹی و چہلہ کیمپس کیلئے الگ الگ) بطور سیکیورٹی جمع کروانی ہوگی جو کہ مدت معاہدہ کی تکمیل پر واگذار ہوگی کسی قسم کے نقصان کی صورت میں سیکیورٹی ضبط تصور ہوگی۔ معاہدہ کی شرائط 50 روپے کے اسٹامپ پیپر پر اور مجسٹریٹ درجہ اول سے تصدیق شدہ ہونگی۔

نائب ناظم مالیات (پرچیز)/
سیکرٹری پرچیز کمیٹی

نوٹ: ٹینڈر کی کشادگی آزاد جموں و کشمیر PPRA قواعد 36(b) کے تحت single stage two envelope procedure کے تحت عمل میں لائی جائیگی۔ کوٹیشن دہندگان کو technical proposal اور financial proposal الگ الگ لفافہ جات میں جمع کروانا ہونگے۔ ابتدائی طور پر صرف technical proposal کی کشادگی عمل میں لائی جائیگی اور Technical evaluation مکمل ہونے پر کوالیفائی کرنے والی فرم ہا کی financial bid کشادہ کی جائینگی جبکہ مسترد ہونے والی فرم ہا کی financial bid بغیر کھولے واپس کردی جائینگی۔

Technical Evaluation Criteria (Passing Marks: 60)

۱۔	انکم ٹیکس رجسٹریشن (فائلر: 15 نمبر نان فائلر: 0 نمبر)	15 نمبر
۲۔	بنک سٹیٹمنٹ (20 لاکھ تا 30 لاکھ تک: 10 نمبر، 30 لاکھ تا 50 لاکھ تک ہر اضافی دو لاکھ پر 01 نمبر)	20 نمبر
۳۔	Length of Business (05 سال تک: 10 نمبر، 06 سے 10 سال تک: 15 نمبر)	15 نمبر
۴۔	متعلقہ فیلڈ کا تجربہ ہمراہ ثبوت (05 سال تک: 10 نمبر، 06 سے 10 سال تک: 15 نمبر)	15 نمبر
۵۔	کمیٹی کی جانب سے فزیکل ویریفیکیشن	20 نمبر
۶۔	ملازمین کی تعداد / تفصیل (کک، ویٹر وغیرہ)	15 نمبر

زیر دستخطی کو بالا قوائد و ضوابط / شرائط سے مکمل اتفاق ہے

نام --

دستخط --

ایڈریس --

ٹیلی فون نمبر --

شناختی کارڈ نمبر --

نیشنل ٹیکس نمبر --

فہرست اشیاء خورد و نوش

نوٹ: Financial bid صرف ان فرم ہاء کی کشادہ ہونگی جو Technical بنیادوں پر کوالیفائی کرینگے۔

نمبر شمار	نام اشیاء	نرخ
۱۔	چائے مکس	------------------------فی پیالی
۲۔	چائے (ٹی بیگز)	------------------------فی پیالی
۳۔	دودھ پتی	------------------------فی پیالی
۴۔	دودھ ابلا/ چینی ملا	------------------------فی پیالی
۵۔	دودھ قہوہ	------------------------فی پیالی
۶۔	سموسہ (قیمہ) چٹنی کے ساتھ	------------------------فی عدد
۷۔	سموسہ (آلو) چٹنی کے ساتھ	------------------------فی عدد
۸۔	سموسہ (سبزی) چٹنی کے ساتھ	------------------------فی عدد
۹۔	شامی کباب (قیمہ)	------------------------فی عدد
۱۰۔	پراٹھا (سادہ)	------------------------فی عدد
۱۱۔	کیک (چھوٹا ڈبہ)	------------------------فی عدد
۱۲۔	کیک (بڑا ڈبہ)	------------------------فی عدد
۱۳۔	بند	------------------------فی عدد
۱۴۔	انڈا آملیٹ	------------------------فی عدد
۱۵۔	انڈا ابلا ہوا	------------------------فی عدد
۱۶۔	انڈا فرائی	------------------------فی عدد
۱۷۔	انڈا کری	------------------------فی پلیٹ
۱۸۔	دال ہر قسم	------------------------فی پلیٹ
۱۹۔	دال گوشت	------------------------فی پلیٹ
۲۰۔	قیمہ	------------------------فی پلیٹ
۲۱۔	گوشت (چھوٹا)	------------------------فی پلیٹ
۲۲۔	گوشت (بڑا)	------------------------فی پلیٹ
۲۳۔	سبزی گوشت	------------------------فی پلیٹ
۲۴۔	کڑاہی گوشت	------------------------فی پلیٹ
۲۵۔	سبزی ہر قسم	------------------------فی پلیٹ
۲۶۔	گوشت پلاؤ (باسمتی)	------------------------فی پلیٹ
۲۷۔	مٹر یا چنا پلاؤ	------------------------فی پلیٹ
۲۸۔	ابلے ہوئے چاول خشک (باسمتی)	------------------------فی پلیٹ
۲۹۔	روٹی تندور (۱۲۵ گرام)	------------------------فی روٹی
۳۰۔	نان تندور (۱۲۵ گرام)	------------------------فی روٹی

۳۱۔	کولڈ ڈرنکس (ریگولر)	------------------------فی عدد
	کولڈ ڈرنکس ۱ لیٹر	------------------------فی عدد
	کولڈ ڈرنکس ۱.۵ لیٹر	------------------------فی عدد
۳۲۔	پکوڑے	------------------------فی پاؤ
۳۳۔	جوس	------------------------فی عدد
۳۴۔	ملک شیک	------------------------فی گلاس
۳۵۔	دہی بھلے	------------------------فی پلیٹ
۳۶۔	فروٹ چاٹ	------------------------فی پلیٹ
۳۷۔	چنا چاٹ	------------------------فی پلیٹ

ورکشاپس، استقبالیوں، چائے پارٹیوں پر سپیشل کراکری کا بندوست کرنا اور چائے مہیا کرنا۔ (ٹیبل اور ٹیبل پوش شامل)

الف۔	ایک سو افراد تک کیلئے	------------------------فی پیالی
ب۔	پانچ سو افراد کیلئے	------------------------فی پیالی

نائب ناظم مالیات (پرچیز)/
سیکرٹری پرچیز کمیٹی

میں/ہم تصدیق کرتے ہیں میں/ہم نے شرائط وضوابط پڑھ اور سمجھ لی ہیں اور ان شرائط کے تحت میں/ہم فہرست میں درج قیمتوں پر اشیاء مہیا کرنے کے پابند ہونگے۔

نام --

دستخط --

ایڈریس --

ٹیلی فون نمبر --

شناختی کارڈ نمبر --

نیشنل ٹیکس نمبر --